© rasailojaraid.com



رودکی کے اس قصیدے کی شہرت ہی تھی کہ اس کی صدائے بازگشت حافظ کی ایک غزل میں اس طرح ملتی ہے :

خیز تا خاطر بآں ترک سمرقندی دہیم
کز نسیمش بوی جوی مولیاں آید ہمی[1]

امید ہے کہ اس گذارش سے جوی مولیاں اور اس کی اصل حقیقت اور قصیدۂ رودکی کے بارے میں صحیح اطلاع حاصل ہوسکے گی۔

---

[1] دیوان حافظ چاپ نذیر احمد و نائینی

---

# دعائے صحت

آج کل حضرت قبلہ مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ بہت کافی علیل ہیں۔ ان کی علالت تو حضرت قبلہ مفتی صاحبؒ کی زندگی کے دوران ہو چکی تھی لیکن حضرت مفتی صاحب کی وفات کے بعد معذوری، اضطراب اور دماغی حالت زیادہ پریشان کن ہوتی جارہی ہے

قارئین اور اپنے بزرگوں سے اپنی والدۂ محترمہ کی صحت یابی اور سکون کے لیے دعا کی درخواست کرتا ہوں۔

خادم
صاحبزادہ حضرت مفتی عتیق الرحمٰن عثمانیؒ
عمید الرحمٰن عثمانی

© rasailojaraid.com